www.saharaexpressdaily.com saharaexpress123@gmail.com saharaexpressnews@gmail.com saharaexpresspatna1@gmail.com

Urdu Daily Published From
Patna, Ranchi & Delhi

روزنامہ سہارا ایکسپریس پٹنہ
SAHARA EXPRESS,PATNA

RNI.NO.BIHURD/2011/37805 Vol:14 Issue:347 26.12.2024 THURSDAY Re.01 Page:08

جلد نمبر:14 شمارہ:347 / جمعرات، ۲۶ / دسمبر / ۲۰۲۴ء مطابق / ۲۳ / جمادی الآخر / ۱۴۴۶ھ / صفحات: 08



# غزہ میں اقوام متحدہ کی عمارتوں کے قریب حماس کے لانچنگ سائٹ پر حملہ



غزہ،25 دسمبر (یواین آئی) اسرائیل کی دفاعی افواج (آئی ڈی ایف) نے منگل کو کہا کہ اس نے شمالی غزہ کی پٹی میں اقوام متحدہ کے کمپاؤنڈ کے قریب واقع فلسطینی تحریک حماس کے ایک لانچ سائٹ پر فضائی حملہ کیا ہے۔آئی ڈی ایف نے ٹیلی گرام پر کہا کہ ”کچھ عرصہ قبل اسرائیلی فضائیہ نے غزہ کی پٹی میں الشطی کے علاقے میں اقوام متحدہ کے کمپاؤنڈ کے قریب واقع حماس کی لانچنگ سائٹ پر حملہ کیا تھا۔“آئی ڈی ایف نے کہا کہ حملے سے قبل شہریوں کو انخلا کی وارننگ جاری کی گئی تھی۔قابل ذکر ہے کہ اکتوبر 2023 میں غزہ کی پٹی سے اسرائیل پر ایک غیر معمولی راکٹ حملہ کیا گیا تھا۔اس کے علاوہ حماس کے جنگجوؤں نے سرحدی علاقوں میں گھس کر فوج اور شہریوں پر فائرنگ کی اور انہیں یرغمال بنالیا۔اسرائیلی حکام کا کہنا ہے کہ چھاپے کے دوران تقریباً 1200 افراد مارے گئے تھے۔آئی ڈی ایف نے غزہ میں آپریشن آہنی تلواروں کا آغاز کیا اور حملے کے جواب میں انکلیو کی مکمل ناکہ بندی کا اعلان کیا۔

## شیوراج نے مرکزی بجٹ پر کیا تبادلہ خیال



نئی دہلی،25 دسمبر (یواین آئی) زراعت اور کسانوں کی فلاح و بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے بدھ کو انڈین کونسل آف ایگریکلچرل ریسرچ اور زرعی تحقیق اور تعلیم کے محکمہ کے سینئر افسران کے ساتھ مرکزی بجٹ 2025-26 کے بارے میں تبادلہ خیال کیا۔زراعت اور کسانوں کی فلاح و بہبود کی مرکزی وزارت نے یہاں کہا کہ میٹنگ میں زرعی تحقیق اور تعلیم سے متعلق مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔مسٹر چوہان کی سرکاری رہائش گاہ پر منعقدہ اس میٹنگ میں مرکزی وزراء نے مرکزی بجٹ 2025-26 پر تبادلہ خیال کیا اور زرعی تحقیق اور تعلیم سے متعلق مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا۔اس کے علاوہ مختلف تحقیقی کاموں اور کونسل میں اسکیموں کے تحت جاری کاموں اور ان کے بجٹ مختص کرنے کے بارے میں بات چیت کے دوران ضروری ہدایات دی گئیں۔گزشتہ پانچ سالوں میں انڈین کونسل آف ایگریکلچرل ریسرچ کی اہم کامیابیوں اور اگلے پانچ سالوں کے اہداف اور روڈ میپ پر تفصیلی بات چیت ہوئی۔مرکزی وزیر نے تحقیق کی نئی جہتیں تلاش کرنے پر زور دیا۔

## عام آدمی پارٹی اور بی جے پی نے دہلی کے لوگوں کو دھوکہ دیا: کانگریس

نئی دہلی،25 دسمبر (یواین آئی) کانگریس نے کہا ہے کہ عام آدمی پارٹی اور بی جے پی حکومت نے دہلی کے لوگوں کے ساتھ دھوکہ کیا ہے اور ان کی طرف سے کئے گئے وعدوں کو پورا نہیں کیا گیا ہے اور حقیقت سب کے سامنے آ گئی ہے،اس لئے دہلی کے عوام اسمبلی الیکشن میں ووٹ دے کر ان کو سبق سکھائیں گے کانگریس کے خزانچی اجے ماکن، دہلی کانگریس کے انچارج قاضی نظام الدین اور دہلی کانگریس کے صدر دیویندر یادو نے بدھ کو پارٹی ہیڈکوارٹر میں ایک پریس کانفرنس میں عام آدمی پارٹی اور بی جے پی حکومت کے کاموں پر وائٹ پیپر جاری کرتے ہوئے کہا کہ دہلی حکومت کہتی ہے کہ وہ اس معاملے میں کام کررہے ہیں۔ہم کام کی سیاست کرتے ہیں لیکن سچ یہ ہے کہ وہ کام کی سیاست بھی نہیں کرتے۔عام آدمی پارٹی پر حملہ کرتے ہوئے کانگریس لیڈروں نے کہا کہ ”وہ اپنی جیب میں 2 روپے کا قلم رکھتے ہیں، پارٹی کا نام عام آدمی ہے لیکن وہ ایک بادشاہ کی طرح شیشے کے محل میں رہتے ہیں۔دہلی اور مرکزی حکومت ایک دوسرے پر الزام تراشی کرتی رہتی ہیں، جبکہ عوام پریشان ہیں،ان دونوں حکومتوں نے دہلی کو نفرت کا بازار بنا دیا ہے، یہاں بیٹیاں محفوظ نہیں ہیں اور کورونا کے دور میں لوگوں کی عزتوں سے مسلسل سمجھوتہ کیا گیا ہے۔لوگوں کو رشتہ داروں کی لاشوں کے لیے کئی دن انتظار کرنا پڑا، اس وقت مرکزی حکومت سینٹرل وسٹا کی تعمیر پر پیسہ خرچ کررہی تھی۔انہوں نے کہا کہ ”آج دہلی میں بزرگوں کو پنشن حاصل کرنے میں دشواری کا سامنا ہے، حیران کن بات یہ ہے کہ 10 سالوں کے اندر بزرگوں کی پنشن کے 1780 کروڑ روپے ختم ہو گئے ہیں، جسے دہلی حکومت مرکز کے ساتھ تنازعہ کی وجہ سے خرچ نہیں کر رہی ہے۔دہلی میں نئے راشن کارڈ بننا بند ہو گئے ہیں، دہلی میں گزشتہ 11 سالوں سے یہ سب سے بڑا مسئلہ ہے۔ہندوستان میں 2014 سے بی جے پی کی حکومت ہے۔

## غیبت کی وجہ سے معاشرہ میں فتنہ وفساد اور آپسی جھگڑے اور بدگمانیاں پھیلتی ہے مولانا عرفان قاسمی

ممبئی 25 دسمبر (یواین آئی) اسلام میں غیبت و چغل خوری کی سخت مذمت کی ہے، آج کل ہمارے معاشرہ میں غیبت، بدگوئی اور چغل خوری ایک محبوب مشغلہ بن گیا ہے جہاں دو چار افراد جمع ہوئے بس ایک دوسرے کی برائی شروع ہو گئی اور ذرا برابر احساس نہیں ہوتا کہ زبان کی اس برق رفتاری اور شعلہ افشانی پر کوئی باز پرس بھی کرنے والا ہے کہ نہیں ہے، دَور حاضر میں وہ اخلاقی برائی جس نے پورے معاشرے کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے وہ دوسروں کی پیٹھ پیچھے برائی کرنے کا گناہ ہے، یہ برائی بلاشبہ ایک ناسور ہے جس کی وجہ سے معاشرہ میں فتنہ وفساد اور آپسی جھگڑے اور بدگمانیاں پھیلتی ہیں۔ان زریں خیالات کا اظہار حضرت مولانا محمد عرفان صاحب قاسمی نے جمعیۃ علماء کے زیر اہتمام ممبئی کی کھوکھا بازار مسجد میں منعقدہ جلسہ سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم اور اصلاح معاشرہ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔مولانا عرفان قاسمی نے اپنے مفصل خطاب میں روشنی میں خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ غیبت تو بہرحال گناہ ہے، اور مومن کی شان ہے کہ ہر چھوٹے اور بڑے گناہ سے اپنے آپ کو محفوظ رکھے یہی وجہ ہے کہ گناہ آدمی کو ولایت و بزرگی سے بہت دور کر دیتا ہے اور گناہ پر ہمیشگی اختیار کرنے والا اللہ تعالیٰ کے قُرب کی منزل سے دور رہا ہے اور ایسا شخص اس کی دوستی کی خوشبو سے محروم ہوتا ہے۔

## مرمو، دھنکھر اور مودی نے اٹل بہاری واجپائی کو ان کی صد سالہ پیدائش پر خراج عقیدت پیش کیا



نئی دہلی،25 دسمبر (یواین آئی) صدر دروپدی مرمو، نائب صدر جگدیپ دھنکھر، وزیر اعظم نریندر مودی اور دیگر سینئر لیڈروں نے بدھ کو سابق وزیر اعظم اٹل بہاری واجپائی کو نئی دہلی میں ان کے سمادھی سدیو اٹل * پر ان کی پیدائش پر خراج عقیدت پیش کیا اس موقع پر آنجہانی واجپائی کی لازوال میراث کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے گڈ گورننس ڈے * بھی منایا گیا لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا، وزیر داخلہ امت شاہ اور بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کے سربراہ جے پی نڈا ان سرکردہ رہنماؤں میں شامل تھے جنہوں نے سابق وزیر اعظم کو خراج عقیدت پیش کیا۔مسٹر واجپائی کو یاد کرتے ہوئے مسٹر مودی نے ایک مضمون لکھا جس میں انہوں نے سابق وزیر اعظم کو 21 ویں صدی میں ہندوستان کے داخلے کے معمار * کے طور پر مخاطب کیا، جس نے ملک کی اقتصادی ترقی کی منزلیں طے کیں۔مسٹر مودی نے لکھا کہ ”وہ ایک سیاست دان کے طور پر قابل احترام ہیں جو بے شمار لوگوں کو متاثر کرتے رہتے ہیں۔“ آرٹیکل میں مسٹر مودی نے اٹل بہاری واجپئی کے ساتھ گزارے ہوئے لمحات کی تصویریں بھی شیئر کی ہیں۔مسٹر مودی نے کہا کہ یہ ان جیسے بی جے پی کے بہت سے ارکان کے لئے اعزاز کی بات ہے کہ وہ مسٹر واجپائی جیسے شخص سے سیکھیں اور ان سے بات چیت کریں۔وزیر اعظم نے کہا کہ ”ہمارا ملک 21 ویں صدی میں ہندوستان کے داخلے کے معمار ہونے کے لیے اٹل جی کا ہمیشہ شکر گزار رہے گا۔جب انہوں نے 1998 میں وزیر اعظم کا حلف اٹھایا تو ہمارا ملک سیاسی عدم استحکام کے دور سے گزر رہا تھا۔اٹل جی ہی تھے جنہوں نے مستحکم اور موثر حکمرانی فراہم کر کے اس صورتحال کو بدل دیا۔مسٹر مودی نے آرٹیکل میں لکھا کہ ”ایک مڈل کلاس پس منظر سے تعلق رکھنے والے اٹل بہاری واجپائی نے عام شہری کی جدوجہد اور موثر حکمرانی کی تبدیلی کی طاقت کو محسوس کیا۔“مسٹر واجپائی 25 دسمبر 1924 کو گوالیار، موجودہ مدھیہ پردیش میں پیدا ہوئے۔انہوں نے تین مواقع پر ہندوستان کے وزیر اعظم کی حیثیت سے خدمات انجام دیں، پہلے 1996 میں 13 دن کی مدت کے لیے، پھر 1998 اور 1999 کے درمیان 13 ماہ کی مدت کے لیے اور بعد میں 1999 اور 2004 کے درمیان پانچ سالہ مدت کے لیے۔مسٹر واجپائی کو 2015 میں ملک کے سب سے بڑے شہری اعزاز بھارت رتن سے بھی نوازا گیا تھا۔

## آر جے ڈی نے جیٹھا سنتھال کے قاتلوں کی گرفتاری کا مطالبہ کیا

پٹنہ،25 دسمبر (اسٹاف رپورٹر) بہار راشٹریہ جنتا دل (آر جے ڈی) کے نائب صدر اور سابق وزیر اشوک کمار سنگھ اور ریاستی ترجمان اعجاز احمد نے آر جے ڈی لیڈر جیٹھا سنتھال کے قتل کی مذمت کرتے ہوئے قاتلوں کی گرفتاری کا مطالبہ کیا ہے۔سابق وزراء مسٹر سنگھ اور مسٹر احمد نے بدھ کو اپنے مشترکہ بیان میں سونبرسا، سہرسہ کے رہائشی قبائلی برادری سے آنے والے آر جے ڈی کے سینئر لیڈر مسٹر سنتھال کے قتل کی سخت مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ایسا قتل کہیں نہ کہیں سازش کے تحت کیا گیا ہے اور قبائلیوں کے حوصلے کو توڑنے کی کوشش ہے۔جیٹھا جی ہمیشہ سے اپنی قبائلی برادری کے حقوق اور اپنے علاقے میں ہونے والے غلط کاموں کی مخالفت کرتے رہے ہیں، اسی وجہ سے کہیں نہ کہیں کچھ سازش کے طور پر مجرمانہ عناصر نے ان کا قتل کر دیا ہے۔لیڈران نے ریاستی حکومت سے جلد از جلد قاتلوں کی گرفتاری اور اس معاملے میں جو بھی ملوث ہیں اس کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا ہے، نیز سہرسہ ضلع انتظامیہ سے بھی مطالبہ کیا ہے کہ وہ سنتھال قبائلیوں کو ہر سطح پر تحفظ فراہم کرے۔

## جامعہ رحمانی خانقاہ مونگیر کے استاذ حدیث مفتی محمد عثمان قاسمی کا انتقال جامعہ رحمانی کا بڑا نقصان: ولی فیصل رحمانی

مونگیر، 25 دسمبر (نمائندہ) جامعہ رحمانی خانقاہ مونگیر کے استاذ حدیث حضرت مولانا محمد عثمان صاحب قاسمی کا پٹنہ میں دورانِ علاج انتقال ہو گیا۔ان کے وصال کی خبر سے علمی و دینی حلقوں، خصوصاً جامعہ رحمانی کے ماحول میں گہرے رنج و غم کی لہر دوڑ پڑی۔جامعہ رحمانی کے سرپرست امیر شریعت احمد ولی فیصل رحمانی سجادہ نشیں خانقاہ رحمانی مونگیر نے ان کے انتقال پر گہرے رنج و الم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ”محمد عثمان صاحب قاسمی نہایت سادہ مزاج، شفیق، دیندار، اور طلبہ میں مقبول ترین اساتذہ میں شمار ہوتے تھے۔ان کی شخصیت اخلاص وللہیت کا پیکر تھی۔وہ ہمیشہ دوسروں کو فائدہ پہنچانے میں مصروف رہتے۔ان کی وفات سے جامعہ رحمانی نے ایک عظیم استاذ اور طلبہ نے ایک مخلص مربی کھو دیا ہے“ امیر شریعت نے یہ بھی کہا کہ ”مولانا عثمان صاحبؒ نے اپنی زندگی میں ہمیشہ اپنے استاذ کے دیے ہوئے اصول پر عمل کیا، جو یہ تھا کہ مدرسہ کی خدمت کے دوران کبھی تنخواہ بڑھانے یا کتابوں کا مطالبہ نہ کریں اور جو ذمہ داری دی جائے اسے بخوبی انجام دیں۔انہوں نے اس اصول کو اپنی زندگی کا حصہ بنایا، جس کی وجہ سے ان کی زندگی سکون و قناعت کا نمونہ تھی۔انہوں نے مزید یہ بھی کہا کہ ”مولانا عثمان صاحبؒ بڑے اچھے حکیم بھی تھے۔کئی بار انہوں نے مجھے دوا تجویز کی، جن پر عمل کر کے مجھے شفا ملی۔وہ جب بھی میرے پاس آتے، کچھ نہ کچھ ہدیہ لے کر آتے، جو ان کی سنت کی پیروی کا بہترین مظہر تھا۔“










روزنامہ سہارا ایکسپریس پٹنہ
SAHARA EXPRESS,PATNA

## انڈیا میں 11 افراد کے قتل کا ملزم 'جو مارنے کے بعد لاشوں سے معافی مانگتا تھا'

'وہ دھوکے باز تھا، اس نے میرے ساتھ جنسی تعلق قائم کرنے کے بعد مجھے پیسے بھی نہیں دیے اور مجھے پیٹا بھی تھا، جس پر میں نے اس کا گلا دبا کر اسے مار ڈالا۔' یہ الفاظ اس شخص کے ہیں جسے انڈیا کی ریاست پنجاب کی پولیس نے 11 افراد کے قتل کے الزام میں گرفتار کیا ہے۔ اس بارے میں سنیئر سپرینٹنڈنٹ آف پولیس روپ نگر گلنیت سنگھ کھرانہ نے دعویٰ کیا ہے کہ انھوں نے 11 افراد کو قتل کرنے والے ہم جنس پرست شخص کو گرفتار کرلیا ہے۔ پولیس کے مطابق اس کی شناخت رام سروپ عرف سوڈھی کے نام سے ہوئی ہے اور اس کا تعلق پنجاب کے ضلع ہوشیار پور کے تھانہ گڑھ شنکر کے گاؤں چوڑا سے ہے۔ ایس ایس پی گلنیت سنگھ کھرانہ کا اس بارے میں کہنا ہے کہ 'ملزم رام سروپ سنگھ سوڈھی ایک ہم جنس پرست شخص ہے، جو سڑکوں پر گزرنے والے کار اور موٹر سائیکل ڈرائیوروں کو اپنی طرف متوجہ کرتا تھا۔' اس کے بعد وہ ان سے لفٹ مانگتا، ان کے ساتھ بیٹھتا اور ان سے جسمانی تعلقات قائم کرنے کی پیشکش کرتا تھا۔ اس دوران جب اس کا ان افراد سے جنسی تعلق کے عوض پیسوں کو لے کر جھگڑا ہوتا تو وہ انھیں قتل کر دیتا تھا۔

ایس ایس پی گلنیت سنگھ کھرانہ کا کہنا تھا کہ 'اس کے بعد وہ ان افراد سے رقم اور دیگر سامان لے کر بھاگ جاتا اور جاتے وقت ان افراد کے جسم پر کچھ لکھ کر پیغام چھوڑ دیتا تھا۔' پولیس افسر نے بتایا کہ ملزم لوگوں کو گلا دبا کر یا زخمی کر کے قتل کرتا تھا۔ ایس ایس پی گلنیت سنگھ کھرانہ کا کہنا ہے کہ 'کیرت پور صاحب کے رہنے والے منیندر سنگھ ولد بھجن سنگھ کی لاش منالی روڈ پر جیو پیٹرول پمپ کے سامنے جھاڑیوں سے ملی تھی۔' جب پولیس نے تکنیکی طور پر اس کیس کا سراغ لگایا تو اس کا سرا رام سروپ سے جا ملا۔ پولیس نے رام سروپ کو حراست میں لیا اور معاملے کی مکمل جانچ کے بعد اس نے منیندر سنگھ کو قتل کرنے کا انکشاف کیا ہے۔' پولیس نے دعویٰ کیا ہے کہ تفتیش کے دوران ملزم رام سروپ نے مزید قتل کرنے کا بھی بتایا۔

پولیس افسر نے دعویٰ کیا ہے کہ دوران تفتیش ملزم نے اعتراف کیا کہ اس واقعے کے علاوہ اس نے 10 دیگر قتل بھی کیے ہیں۔ ان میں ضلع روپ نگر میں قتل کے دو واقعات بھی شامل ہیں۔ پولیس افسر کا کہنا ہے کہ اس سلسلے میں کیرت پور صاحب پولیس سٹیشن میں ایک مقدمہ بھی درج کیا گیا ہے۔ اسی طرح 24 جنوری 2024 کو روپ نگر میں نرنکاری بھون کے قریب ایک کار میں ایک نوجوان کی لاش ملی تھی جس کی شناخت ہرپریت سنگھ عرف سنی کے طور پر ہوئی ہے اور وہ روپ نگر کا رہائشی تھا۔ ایس ایس پی کا کہنا تھا کہ 24 جنوری کو ملنے والے نوجوان سنی کی لاش برہنہ حالت میں ملی تھی۔ پولیس افسر نے بتایا کہ پانچ اپریل 2024 کو بیگم پورہ گاؤں کے مکندر سنگھ عرف بلا کی لاش پنجہرہ روڈ گاؤں سے ملی تھی، جس کے جسم پر زخموں کے نشانات تھے۔ پولیس نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ ابتدائی تفتیش کے دوران ملزم نے ضلع فتح گڑھ صاحب اور ضلع ہوشیار پور میں وارداتیں کرنے کا اعتراف کیا ہے۔ پولیس نے رام سروپ عرف سوڈھی کو عدالت میں پیش کر کے پولیس ریمانڈ حاصل کرلیا ہے۔ پولیس کے مطابق ملزم کے اہل خانہ نے اسے دو سال سے گھر سے بے دخل کر رکھا ہے۔ روپ نگر کیس کے بارے میں ملزم کا کہنا تھا کہ 'وہ ایک دھوکے باز انسان تھا، میں نے اسے اشارہ کیا اور وہ مجھے گاڑی میں ساتھ لے گیا۔' میں نے اس کے ساتھ 200 روپے کے عوض جنسی تعلقات قائم کیے لیکن بعد میں اس نے رقم دینے سے انکار کر دیا اور مجھے گاڑی سے باہر پھینک دیا۔ اس نے مجھے مارا۔ میرے سر پر ڈنڈے سے وار کیا جس کے بعد میں نے اس کے مفلر سے اس کا گلا گھونٹ دیا۔' ملزم رام سروپ نے مزید کہا کہ 'لوگوں کو قتل کرنے کے بعد میں ان کے پاؤں چھوتا تھا اور معافی مانگتا تھا۔ مجھے اس سب پر افسوس ہے۔'

# ”آج نعت خوانی ایک منافع بخش کاروبار کا روپ دھار چکی ہے“



دنیا کے بیشتر زبانوں میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے محاسن بیان کئے جاتے رہے ہیں اور یہ بابرکت سلسلہ رہتی دنیا تک قائم ودائم رہیگا، خصوصاً نعت گوئی میں نہ صرف اہل اسلام بلکہ غیر مسلم شعرائے کرام نے عقیدت ومحبت کے جو گلہائے نو بہ نو نچھاور کئے ہیں وہ تہذیب وثقافت اور شعروادب کا انتہائی قابل قدر سرمایہ ہیں۔ نعت عربی زبان کا لفظ ہے اور اس کے لغوی معنی حمد وثنا اور تعریف وتوصیف بیان کرنا ہے۔ مگر شاعری کی اصطلاح میں اب یہ لفظ ایسی منظومات کیلئے مخصوص ہے جن میں سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت طیبہ اور اسوہ حسنہ کے فضائل وبرکات پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

مستند تاریخی حوالوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ نعت گوئی کا آغاز الہامی صحیفوں اور بالخصوص قرآن حکیم سے قطع نظری پہلی صدی ہجری میں ان صحابہ کرام ؓ سے ہوا جنھوں نے اپنی آنکھوں سے شمع رسالت کا دیدار کیا تھا اور جو پروانہ وار اس کی ضیا باریوں پر نچھاور ہونا بڑی سعادت سمجھتے تھے۔ صحابہ کرام ؓ کی نعت گوئی میں سادگی، حقیقت نگاری اور والہانہ بے ساختگی کے جوہر نمایاں ہے، مثلاً پہاڑی کے اس موڑ پر جہاں قافلے رخصت کئے جاتے ہیں، آج چودھویں رات کا چاند طلوع ہوگیا، میری روح فدا ہو اس پر جس کے اخلاق گواہی دیتے ہیں کہ وہ بنی نوع انسان میں سب سے بہتر فرد ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے احسانات تمام لوگوں کیلئے عام ہیں، بلاشک جو دین آپ لائے ہیں وہ حق ہے، اس کی روشنی پھیل رہی ہے اور اجالا پھیلاتی رہتی ہے۔ جیسے جیسے اسلام کی روشنی دور دور ملکوں میں پھیلی اور خلق خدا اسلامی تعلیمات سے بہرور ہوتی گئی نعت گوئی میں بھی خوشگوار اضافہ ہوتا گیا۔ جیسا کہ فارسی شاعروں سے اندازہ ہوتا ہے کہ مولانا رومیؒ، قدسیؒ، جامیؒ اور سعدی شیرازیؒ جیسے شاعروں نے نعت گوئی میں وہ امکانات روشن کئے، وہ مثالیں قائم کیں کہ اگر ان کے چھلکیاں پیش کروں تو یہ مضمون خاصا طویل ہوجائیگا، علاوہ ازیں یہ خیال بھی ہے کہ فارسی زبان کو سمجھنے والے بھی اب کم ہوتے جارہے ہیں، بہرکیف عربی اور فارسی نعتیہ کلام میں اردو نعت گوئی کو بڑا فائدہ پہنچایا۔

تاریخ ادب شاہد ہے کہ آٹھویں اور نویں صدی ہجری میں دبستان دکن نے حضرت بابا فرید گنج شکرؒ اور حضرت امیر خسروؒ کی روایت کو آگے بڑھایا اور پھر تاریخی تسلسل سے شعرائے دکن نے نعتیہ کلام سے اردو شاعری کو مالا مال کیا۔ دکنی شعرا کی ایک طویل فہرست ہے، ابتدا خواجہ بندہ نواز گیسو درازؒ کے نعتیہ کلام سے ہوئی، پھر نظامیؒ، ملا وجہیؒ، قلی قطب شاہؒ، ولی دکنیؒ اور کئی دوسرے دکنی شعراء میں دیگر اصناف سخن کے ساتھ ساتھ نعت گوئی کا حق بھی ادا کیا۔ بارہویں اور تیرہویں صدی ہجری میں جب دبستان دہلی کو فروغ حاصل ہوا تو میر حسنؒ، مرزا رفیع سوداؒ اور میر تقی میرؒ جیسے باکمال شعرا نے نعتیہ کلام کی سعادت بھی حاصل کی، اسی طرح دبستانِ لکھنؤ کے شعراء میں جرأتؒ، انشاؒ، مصحفیؒ، ناسخؒ، آتشؒ، میر انیسؒ، مرزا دبیرؒ اور کئی دوسرے شعرا کی نعتوں کے خوبصورت نمونے بھی ہمارے ادبی تاریخ کا قابل قدر سرمایہ ہیں۔ بیسویں صدی میں قیام پاکستان سے پہلے اور بعد کو نعتیہ کلام میں جو زبان وبیان اور تازہ مضامین کا ذخیرہ ہے، اس کا ماخذ انیسویں صدی کے اواخر میں بے دم وارثیؒ، امیر مینائیؒ، علامہ شبلی نعمانیؒ، خواجہ الطاف حسین حالیؒ، اور مولانا احمد رضا خاں بریلویؒ جیسے شعرا کی نعتیہ شاعری ہے۔

قارئین محترم! افسوس صد افسوس کے ساتھ یہ رقم کر رہا ہو کہ موجودہ دور میں جس طرح کے نعت لکھنے والے اور نعت پڑھنے والے وجود میں آئے ہیں ان سے تو اللہ کی پناہ ہے۔ دراصل سب سے بڑی غلطی ہم لوگوں کی ہے جب ہم لوگ کوئی جلسہ یا کانفرنس منعقد کرتے ہیں اور اس تقریب میں کسی نعت خواں کو دعوت سخن دیکر بلاتے ہیں تو ہم یہ بھی نہیں پوچھتے کہ آپ کہ کون سے استاد سے اور کن سے آپ نے ادب سیکھا، کیونکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف لکھنا یہ کسی عام بندے کا کام نہیں ہے، یہ تیز تلوار سے بھی نازک ہے۔ موجودہ دور کے نعت خواں تو نعت کے مقام کو سمجھنے کی بھی کوشش نہیں کرتے اور اسٹیج پر بیٹھ جاتے ہیں۔ پہلے کے نعت خواں تو بڑے خوش نصیب تھے جب بھی پڑھتے کس محبت سے پڑھتے تھے، مگر نہ وہ سننے والے رہے اور نہ اب سنانے والے رہے۔ افسوس صد افسوس یہ آج کے کیسے شاعر ہیں اور کیسے نعت پڑھنے والے ہیں، ایک زمانہ تھا کیا شان تھی حضرت حسانؓ کی، حضرت عبدالرحمن جامیؒ کی، مولانا رومؒ کی، کیا یہ آج کے نعت لکھنے والے اور پڑھنے والے مولانا احمد رضا خاںؒ جیسے ہو سکتے ہیں؟ یہ لوگ جب نعت گوئی کرتے تھے تو سننے والوں کی آنکھوں سے آنسوں جاری ہوجاتے تھے مگر آج شوخ لباس زیب تن کر کے اور اچھل اچھل کر لوگوں کو کہتے ہیں کہ ہمارے ساتھ اونچی آواز میں سبحان اللہ بولو اور لوگ بھی جن میں اکثریت جاہلوں کی ہوتی ہے وہ ہاتھ اٹھا اٹھا کر انکا ساتھ دیتے ہیں۔ آج کے نعت پڑھنے والے سے پوچھ لیں نعت شریف پڑھنا کس سے سیکھا؟ وہ کہے گا میں نے موبائل فون سے گلوکاروں کی نقل کی ہے اور سب سے بڑی بات تو یہ ہے کہ آج کل کے نعت خواں جو خود کو عاشق رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، مداح رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور نہ جانے کن کن القابات سے خود کے نام کو مزین کر رکھا ہے، انہیں نعت کا صحیح مطلب نہیں معلوم، اور ان مداح رسول اور عاشق رسول کی محبت کو دیکھیں کہ رات بھر نعت پڑھیں گے، لوگوں کو سنائیں گے اور نذرانے بٹورینگے مگر فجر کی نماز کے وقت بستر استراحت پہ خواب غفلت کے مزے لوٹتے ہوئے نظر آئیں گے۔ دراصل انہیں نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عشق نہیں ہے انہیں تو بے وقوفوں کی زیب سے نکلنے والی اس رقم سے محبت ہے جو نذرانے کی شکل میں ان پر لٹائے جاتے ہیں، جس طرح کسی محفل میں کسی ناچنے والی کے اوپر رؤسا پیسہ لٹاتے ہیں۔ آج کل کے نعت خواں میں اور بازاری طوائف میں کوئی فرق نہیں بھی ہے اور فرق ہے بھی، فرق اس لئے نہیں ہے کہ طوائف بھی اپنا ایک ریٹ طئے کرتی ہے علاوہ چھوٹ کے اور یہ نعت خواں بھی پہلے سے اپنی ریٹ طے کرتے ہیں علاوہ نذرانہ کے، اور فرق اس لئے ہے کہ طوائف اپنے جسم کی نمائش کر کے پیسہ کماتی ہے اور یہ اپنی آواز کا جادو دکھا کر پیسہ کماتے ہیں، طوائف اپنا تن بیچ کا مال بٹورتی ہے اور یہ دین بیچ کر اپنا بیگ بھرتے ہیں۔

کچھ نعت خواں تو ایسے ہیں کہ جب نعت پڑھتے ہیں تو اس نعت میں کفریہ کلام بھی ہوتا ہے جس کا انہیں علم تک نہیں ہوتا اور کچھ ایسے نعت خواں ہیں جو کسی دوسرے فرقے کی دل آزاری کر دینے والے کلام کو پڑھ کر نعت کا مقصد ہی فوت کر دیتے ہیں۔ الغرض آج کل کے نعت خواں کو یا نعت لکھنے والوں کو نہ اللہ سے ڈر ہے، نہ نبی سے محبت ہے اور نہ ہی امت کی فکر ہے، انہیں تو بس پیسہ چاہئے جو ان پر نوٹ کی شکل میں نچھاور کئے جاتے ہیں۔

قارئین حضرات! میری نظر سے کوئی حدیث پاک نہیں گذری کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کسی صحابی کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعریف کرنے پر پیسہ یا چادر دی گئی ہو یعنی نعت پڑھتے ہوئے، ہاں اگر نعت پڑھنے والا ضرورت مند یا مالی طور پر کمزور ہے اور اس نے پہلے سے کوئی مخصوص رقم طے نہیں کی ہے تو اسے محفل کے بعد پردے کے ساتھ کچھ دے دیا جائے تو اس میں کوئی حرج نہیں۔ لیکن آج کل تو نعت خوانی ایک منافع بخش کاروبار کا روپ دھار چکی ہے، کل تک جلسے اور کانفرنس میں نعت خواں نعت پڑھتے تھے اب تو جلوس میں، میت میں، شادی میں یہاں تک کہ بچے کا ختنہ میں بھی نعت پڑھا جاتا ہے وہ بھی صرف اور صرف چند سکوں کی خاطر۔ ذرا غور کریں یہ اپنے آپ کو عاشق رسول کہتے ہیں کیا عاشق رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایسے ہوتے ہیں جو بغیر پیسہ لیے نعت تک نہیں پڑھتے، نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا عاشق بننا کوئی آسان کام نہیں ہے۔

لہذا ملت کے جوانوں سے گذارش ہے کہ آپ جب بھی کسی نعت خواں کو دعوت دیں تو ان کے آنے جانے کی اخراجات کا خیال رکھیں اور خوشی سے جو بھی نذر کرنا چاہئے کریں، اور ان طے شدہ ریٹ پر آنے والے رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عاشقوں کو آج سے آپ لوگ مال دینا بند کر دینگے تو پھر آپ کو پتہ چل جائیگا کہ کون عاشق رسول ہے۔ کیا آپ نے کہیں بھی تلاوت قرآن پاک سنانے والے پر کسی کو نوٹ نچھاور کرتے دیکھا ہے؟ کیا ہماری اصلاح کیلئے خطاب کرنے والے علمائے کرام پر کسی کو پیسہ لٹاتے دیکھا ہے؟ نہیں دیکھا، مگر اس کے برعکس ہم نعت خوانوں پر نوٹ پر نوٹ نچھاور کرتے ہیں، وہ تو گناہ کر کے پیسہ کمارہے ہوتے ہیں اور ہم نوٹ گنوا کر گناہ اور عذاب مول لے رہے ہیں۔ کیا آپ نہیں جانتے کہ آج کل نعت خوانوں نے نعت کا مذاق بنا دیا ہے، ہلر بازی کے سوا کچھ نہیں ہے۔ ایسے بھی جس کام میں اخلاق نہیں ہوگا وہا برکت ختم ہوجاتی ہے، کاش ہم لوگ غور وفکر کرتے کہ کس طرح ہم ایسے نعت خوانوں کو اپنے جلسے میں بلا کر، انہیں رونق اسٹیج بنا کر اور ان کی خلط ملط نعت پر بے دریغ روپیہ لٹا کر ثواب کے بجائے گناہ کمارہے ہوتے ہیں۔

قیصر محمود عراقی
کریگ اسٹریٹ، کمرہٹی، کولکاتا۔۵۸
موبائل:6291697668

## اسلامی معاشرے میں یتیموں کا مقام



یتیم بچے بھی معاشرہ کا ایسے ہی حصہ ہیں جیسے عام بچے، انہیں بھی جینے، تعلیم حاصل کرنے اور معاشرے میں نمایاں مقام حاصل کرنے کا اتنا ہی حق ہے جتنا کہ دیگر بچوں کا حق ہے۔ لیکن نہ ان کے رشتہ دار اس جانب توجہ کرتے ہیں اور نہ ہی وہ لوگ جو اپنے آپ کو سماجی کارکن سمجھتے ہیں۔ اگرچہ یہ لوگ وقتی طور پر ان سے ہمدردی جتاتے ہیں اور اچھے کلمات کہتے ہیں مگر ان کی مکمل کفالت اور تعلیم و تربیت کی ذمہ داری لینا نہیں چاہتے، جبکہ انسان کو آگے بڑھنے کے لیے تعلیم بہت بڑی اہمیت رکھتی ہے لیکن لوگ تعلیم دینے سے پیچھے ہٹ جاتے ہیں جبکہ ہونا یہ چاہیے کہ یتیم بچوں کو تعلیم دلائیں۔ اسلام نے مسلمانوں کو یتیم بچوں کے حقوق ادا کرنے اور ان کے حقوق کی نگہبانی کرنے کی بڑی سختی سے تاکید کی ہے اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے۔ اس میں معاشرے کے ہر فرد کا خیال رکھا گیا ہے یعنی اللہ تبارک وتعالی نے ہر انسان کے لیے ایسے اسباب وذرائع مہیا کر دیے ہیں کہ وہ آسانی کے ساتھ اس دنیا میں زندگی گزار سکے یتیم ونادار اور لاوارث بچوں کے بھی معاشرتی حقوق ہیں۔ ان کی مکمل کفالت ان کے حقوق کی پاسداری ہے۔ اور اس سے منہ موڑ لینا ان کے حقوق کی پامالی ہے۔

یتیم: ”اس نابالغ بچہ کو کہتے ہیں جس کے سر سے اس کے باپ کا سایہ اٹھ گیا ہو“

قران مجید میں اللہ تعالی کا ارشاد ہے: ”اور یتیموں کو ان کے مال دے دو اور اچھے مال کو خراب سے تبدیل نہ کرو اور ان کا مال اپنے مال کے ساتھ ملا کر مت کھاؤ! بے شک یہ بڑا گناہ ہے۔ یتیم کے حقوق پر اسلام نے بہت زور دیا ہے اس کا اندازہ اس حقیقت سے لگایا جاسکتا ہے کہ قران مجید میں 23 مختلف مواقع پر یتیم کا ذکر کیا گیا ہے جن میں یتیموں کے ساتھ حسن سلوک، ان کے اموال کی حفاظت اور ان کی نگہداشت کرنے کی تلقین کی گئی ہے اور ان پر ظلم وزیادتی کرنے والے، ان کے حقوق ومال غصب کرنے والے کے لیے وعید بیان کی گئی ہے۔ ارشاد باری تعالی ہے: ”یتیم کا مال ناحق کھانا کبیرہ گناہ اور سخت حرام ہے“ افسوس کہ لوگ اس کی بھی پرواہ نہیں کرتے۔ عام طور پہ یتیم بچے اپنے چچا وغیرہ کے ظلم ستم کا شکار ہوتے ہیں انہیں اس حوالے سے غور کرنا چاہیے۔ ارشاد باری تعالی ہیں: جو لوگ ناحق ظلم سے یتیم کا مال کھا جاتے ہیں وہ اپنے پیٹ میں آگ بھر رہے ہیں قریب ہے کہ وہ دوزخ میں داخل کیے جائیں گے اور یتیموں کا مال ان کے حوالے کردو اور ان کے پاکیزہ مال کو برے مال سے نہ بدلو اور نہ ان کا مال اپنے مال میں ملا کر کھاؤ کہ یہ بڑا سخت گناہ ہے۔ مکاشفۃ القلوب میں ایک بزرگ کا بیان ہے کہ میں پہلے بڑا گنہگار تھا، ایک دن کسی یتیم کو دیکھا تو میں نے اسے اتنا زیادہ عزت ومحبت بھرا سلوک کیا جتنا کہ کوئی باپ بھی اپنی اولاد سے نہیں کرتا ہوگا۔ رات کو جب میں سویا تو خواب میں دیکھا کہ فرشتے بڑے برے طریقے سے مجھے گھسیٹتے ہوئے جہنم کی طرف لے جارہے ہیں اور اچانک وہ یتیم درمیان میں آگیا اور کہنے لگا: اسے چھوڑ دو تاکہ میں رب کریم سے اس کے بارے میں گفتگو کرلوں ※ مگر فرشتوں نے انکار کردیا ※ پھر ایک ندا سنائی دی اسے چھوڑ دو! ہم نے یتیم پر رحم کرنے کی وجہ سے اسے بخش دیا ہے خواب ختم ہوتے ہی میری آنکھ کھل گئی اس دن سے ہی میں یتیموں کے ساتھ انتہائی باوقار سلوک کرتا ہوں۔ معلوم ہوا کہ یتیم سے کیا گیا حسن سلوک دنیا کے ساتھ ساتھ آخرت کو بھی بہتر بنا سکتا ہے اس لیے ہمیں چاہیے کہ ہم بھی یتیموں کے ساتھ حسن سلوک کریں اور ان کے ساتھ اچھا برتاؤ کریں۔ اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تو یتیم کی کفالت کرنے کو جنت میں اپنے ساتھ ہونے کی بشارت سے نوازا ہے کہ وہ جنت میں آپ کے ساتھ ہوگا۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مسلمانوں کا سب سے اچھا گھر وہ ہے جس میں کوئی یتیم ہو اور اس کے ساتھ اچھا سلوک کیا جاتا ہو اور سب سے برا گھر وہ ہے جس میں کوئی یتیم ہو اور اس کے ساتھ برا سلوک کیا جاتا ہوں میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا جنت میں اس طرح ہوں گے اور آپ نے اپنی دو انگلیوں سے اشارہ فرمایا۔ لیکن آج ہمارے معاشرے میں یتیموں کو تنقید کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے اور ان کو ایک کمتر تصور کیا جاتا ہے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یتیموں کے ساتھ حسن سلوک کی اہمیت واضح فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا: اور یتیموں کے سر پر شفقت سے ہاتھ پھیرنے کو دل کی سختی جیسی بیماری دور کرنے کا سبب بھی قرار دیا اور اس انداز سے ان کے ساتھ حسن سلوک کرنے پر اجر وثواب کو بھی بیان فرمایا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے جس نے صرف اللہ پاک کی رضا کے لیے یتیم کے سر پر ہاتھ پھیرا تو جتنے بالوں پر اس کا ہاتھ گزرا ہر بال کے بدلے اسے نیکیاں ملیں گی۔ اس لیے ہمیں چاہیے کہ ہم ان چیزوں کو ذہن میں رکھ کہ یتیموں کے ساتھ حسن سلوک کریں اور ان سے محبت کریں۔ ایک چیز اور یاد رکھیں کہ جب چند یتیم ہوں اور ان کے درمیان آپ کا لڑکا ہو تو اس کا نام لے کر پکاریں، بیٹا کہہ کے نہ پکاریں نہیں تو وہ بھی آرزو کرتے ہیں کہ کاش ہمارے والد بھی ہوتے۔ اللہ تعالی ہم سب کو یتیموں کے ساتھ حسن سلوک کی توفیق عطا فرمائے آمین۔

از: محمد تبارک حسین علیمی

# صحیح فیصلے: کامیابی کی کنجی

از قلم: مولانا عطائے رسول علیمی

انسان کی زندگی میں فیصلوں کی بہت اہمیت ہوتی ہے کیونکہ زندگی کا ہر مرحلہ کسی نہ کسی فیصلے کا نتیجہ ہوتا ہے۔ ہر شخص کو چاہیے کہ وہ اپنے فیصلوں کو بہتر اور عمدہ بنانے کی کوشش کرے۔ ہمیں زندگی میں کئی طرح کے فیصلے کرنے پڑتے ہیں، جو دو قسم کے ہوتے ہیں۔

معمولی نوعیت کے فیصلے: یہ وہ فیصلے ہیں جن کا ہماری زندگی پر زیادہ اثر نہیں ہوتا، جیسے آج کھانے میں کیا ہے؟ کون سا لباس یا جوتا پہننا ہے؟ چائے پینی ہے یا کافی؟ اس طرح کے فیصلے اگر غلط ہو بھی جائیں تو زیادہ پریشانی کا سبب نہیں بنتے۔

اہم اور زندگی بدل دینے والے فیصلے: یہ وہ فیصلے ہیں جو ہماری زندگی پر گہرا اثر ڈال سکتے ہیں، جیسے تعلیم، کاروبار، نوکری، شادی، دوستی، سواری، گھریلو اشیا کی خریداری، اور بیماری کے علاج کے حوالے سے کیے گئے فیصلے۔ ایسے فیصلے ہمیں بہت سوچ سمجھ کر کرنے چاہئیں کیونکہ یہ ہمارے مستقبل کا تعین کرتے ہیں۔

فیصلے کی اہمیت: آج ہم جہاں ہیں، اپنے ماضی کے فیصلوں کی وجہ سے ہیں، اور کل وہاں ہوں گے جہاں ہم جانے کا فیصلہ کریں گے۔ فیصلے کی اہمیت کو سمجھنے کے لیے ایک واقعہ پیش ہے:

ایک نوجوان تاجر حضرت سیدنا امام عامر شعبی رحمۃ اللہ علیہ کے پاس سے گزرا تو انہوں نے اس سے پوچھا: ”کیا تم علما کی مجلس میں نہیں جاتے؟“ نوجوان نے جواب دیا: ”جاتا ہوں، مگر کم۔“

امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے نصیحت کی: ”علما کی مجلس کو لازم پکڑو کیونکہ تم میں علم کے آثار نظر آرہے ہیں۔“

یہ سن کر اس نوجوان نے فیصلہ کیا کہ وہ علم دین حاصل کرے گا۔ اس کے نتیجے میں وہ ترقی کرتے ہوئے امام اعظم کے عظیم منصب پر فائز ہوگیا۔ امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ کی نصیحت اور اس نوجوان کے شاندار فیصلے کی بدولت امت مسلمہ کو امام اعظم ابوحنیفہ نعمان بن ثابت رحمۃ اللہ علیہ جیسا امام نصیب ہوا۔

ایک اور مثال: جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے قرآن کریم کی آیات سنیں تو ان کے دل پر گہرا اثر ہوا۔ انہوں نے فوراً فیصلہ کیا کہ حق کو قبول کریں گے۔ اس فیصلے نے ان کی زندگی بدل دی اور وہ اسلام کے عظیم سپہ سالار اور خلیفہ بنے۔ ان کے عہد کو تاریخ نے سنہری دور قرار دیا ہے۔

اچھے فیصلے کرنے کے طریقے: اچھے فیصلے کرنے کے لیے اچھی قوتِ فیصلہ ضروری ہے، جو اللہ رب العزت کی عطا ہے۔ تاہم، کچھ اصول اپنانے سے قوتِ فیصلہ بہتر ہوسکتی ہے: فیصلہ اصولوں پر کریں، موڈ پر نہیں۔ انسان کا موڈ بدلتا رہتا ہے، اس لیے فیصلے اصولوں کے مطابق کرنے چاہئیں۔ فیصلہ تازہ دم حالت میں کریں۔ اپنے اس وقت میں فیصلے کریں جب آپ خود کو زیادہ توانا محسوس کرتے ہیں، جیسے صبح یا شام۔ معلومات جمع کریں۔ فیصلے کرنے سے پہلے انٹرنیٹ یا دیگر ذرائع سے معلومات حاصل کریں۔ جلد بازی سے بچیں۔ حضرت سیدنا حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”مومن سوچ سمجھ کر اطمینان سے کام کرتا ہے۔“ وقت کا صحیح استعمال کریں۔ فیصلے کے لیے جتنا وقت ہو، اس کا صحیح استعمال کریں۔ پہلے دن فیصلہ کریں، دوسرے دن اس پر غور کریں، اور تیسرے دن اس پر قائم ہوجائیں۔ نتائج پر غور کریں۔ فیصلے سے پہلے سوچیں کہ اس کے نتائج کیا ہوں گے اور آپ ان کا سامنا کر سکتے ہیں یا نہیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ”پہلے کام کا انجام سوچو، پھر عمل کرو۔“ دباؤ میں فیصلہ نہ کریں۔ اگر دباؤ کی حالت میں فیصلہ کرنا پڑے تو حکمت سے کام لیں۔ جذبات میں آکر فیصلہ نہ کریں۔ زیادہ خوشی یا غم کی حالت میں فیصلہ کرنے سے گریز کریں۔ اللہ پر بھروسہ کریں۔ بطور مسلمان، ہمارا بھروسہ اللہ کی ذات پر ہونا چاہیے۔ تقدیر میں تدبیر شامل ہے، اس لیے مناسب منصوبہ بندی ضرور کریں۔

صحیح فیصلے انسان کی زندگی میں کامیابی کی بنیاد ہیں۔ ایک بہتر فیصلہ انسان کو عام زندگی سے بلند مقام تک پہنچا سکتا ہے، جیسا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی مثالوں سے ظاہر ہوتا ہے۔ اچھے فیصلے کرنے کے لیے حکمت، تدبر، اور اللہ پر بھروسہ ضروری ہے، جو انسان کو کامیاب اور مطمئن زندگی کی طرف لے جاتے ہیں۔ اللہ تعالی ہماری فیصلہ سازی کو بہتر بنائے اور ہمیں درست فیصلے کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

# کرسمس اور بھارت رتن کے موقع پر ایک بار میری کرسمس کی مبارکباد دیتا ہے اور بھارت رتن کے سابق وزیر اعظم ہندوستان شری اٹل بہاری واجپائی کے یوم پیدائش کی تقریب




ایڈوکیٹ زرگر پٹنوی بین الاقوامی سماجی انصاف اور انسانی حقوق کے سفیر اور نیشنل ہیومن رائٹس سوشل جسٹس کونسل آف انڈیا کے ڈائریکٹر جنرل آف انڈیا۔ عالمی آپ کو اور آپ کے چاہنے والوں کو کرسمس اور بھارت رتن کے موقع پر ایک بار میری کرسمس کی مبارکباد دیتا ہے اور بھارت رتن کے سابق وزیر اعظم ہندوستان شری اٹل بہاری واجپائی کے یوم پیدائش کی تقریب۔




# منصور علی خان ( آصف ) کو اقلیتی سیل بہار پردیش کانگریس کا جنرل سکریٹری مقرر کیا گیا

پٹنہ: آل انڈیا کانگرس کمیٹی اقلیتی سیل کے ممبر پارلیمنٹ اور قومی صدر عمران پرتاب گڑھی نے پریس بیان جاری کر ریاست بہار کے وائس چیئرمین اور جنرل سکریٹری، سکریٹری اور ضلع چیئر پرسن اقلیتی سیل بہار کے عہدیداران کی فہرست جاری کی ہے جس میں منصور علی خان عرف ( آصف ) کو آل انڈیا کانگرس کمیٹی اقلیتی سیل کے جنرل سے سکریٹری کے عہدے پر مقرر کیا ہے۔ معلوم ہو کے منصور علی خان کانگرس کی نظریات کے حمایتی ہیں انہوں نے جنرل سکریٹری بنانے جانے پر ممبر پارلیمنٹ عمران پرتاپ گڑھی اور کانگرس پارٹی کے قومی صدر ملکارجن کھڑگے، راہل گاندھی، سونیا گاندھی، پرینکا گاندھی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ سچے کارکن کی طرح ایمانداری اور وفاداری سے کانگرس کی پالیسیوں کو عوام کے بیچ لے جانے کا کام کریں گے۔ انہوں نے پریس نوٹ



جاری کر کہا کہ غریب اور بے سہارے کی خدمت کو اپنا فرض مانتا ہوں ہر سکھ دکھ میں لوگوں کے ساتھ کھڑا رہوں گا اور پوری ایمانداری سے بہار کی ترقی اور بے زبانوں کی آواز بننے کی کوشش کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح سے مجھ پر بھروسہ جتایا گیا میں اس بھروسے کو ٹوٹنے نہیں دوں گا۔ کانگریس پارٹی نے جنگ آزادی سے لیکر آج تک ہندوستان کی ترقی کیلئے ہی کام کیا ہے۔ ہمارے لیڈران کی عظیم قربانیوں سے ہندوستان آزاد ہوا ہے۔ ہم اس آزادی فاسسٹ طاقتوں کے ہاتھ ختم نہیں ہونے دیں گے۔ بابا صاحب بھیم راؤ امبیڈکر کی آئین کو نہ کوئی ختم کرسکتا ہے اور نہ کر پائے گا۔ ہم آئین پر یقین رکھنے والے لوگ ہیں، ہم آر ایس ایس اور بھاجپا کو اس ملک کی گنگا جمنی تہذیب کو مٹانے نہیں دیں گے۔ آنے والے 2025 کے اسمبلی انتخاب میں کانگریس اپنی پوری طاقت سے انتخاب لڑے گی اور زیادہ سے زیادہ سیٹوں پر جیت درج کرائے گی۔

# سابق وزیر اعظم آنجہانی اٹل بہاری واجپائی کو ان کی پیدائش پر خراج عقیدت پیش کیا گیا

بھارتیہ اکلیات مورچہ کا اجلاس جلیل حسین ہاؤس میں منعقد ہوا، جس کی صدارت مورچہ کے قومی کنوینر علی عباس اپاڈی نے کی، اجلاس میں سابق وزیر اعظم آنجہانی اٹل بہاری واجپائی کو ان کی پیدائش پر خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ آنجہانی واجپائی نے ملک کے لیے وہ تاریخی کام کیا تھا، جسے فراموش نہیں کیا جا سکتا کہ واجپائی جی کا سیاسی سفر بہت طویل تھا اور انہوں نے 1977 میں ہر امتیاز اور ذات پات سے اوپر اٹھ کر ملک کی ترقی کے لیے کام کیا۔ 1998 میں ڈیسائی کی حکومت



میں وزیر خارجہ رہے، 13 دن وزیر اعظم بنے، پھر 13 مہینے وزیر اعظم رہے اور پھر 9 سال تک وزیر اعظم رہے، ہندو، مسلم، سکھ، عیسائی سب کے ساتھ اچھا سلوک کیا۔ انہوں نے اپنی سیاسی زندگی کو بالکل بے داغ رکھا، جب بھی وہ انصاف کی کرسی پر بیٹھے تو انہوں نے کوئی جانبداری نہیں دکھائی، البتہ امام واجپائی جیسی ایماندار رہنما کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

# ہر دل عزیز عوامی لیڈر جناب شکیل ہاشمی صاحب کو ہم کا اہم ترجمان بنایا گیا

ہم پارٹی ( ہندوستانی عوامی مورچہ ) نے سابق وزیر ٹکاری اسمبلی کے رکن پارٹی کے ریاستی صدر ڈاکٹر انیل کمار کے ذریعے آج پارٹی کے کئ ترجمان کا اعلان کیا ہے۔ سب سے اہم بات ہے کہ نوجوان اور ہر دل عزیز عوامی لیڈر جناب شکیل ہاشمی صاحب کو ہم کا اہم ترجمان بنایا گیا ہے۔ اس کے علاوہ اور بھی لوگوں کو میڈیا اور ٹی وی چینلز کے لئے ترجمان کی ذمہ داری دی گئ ہے۔ واضح رہے کہ شکیل ہاشمی پارٹی کے اقلیتی شعبے کے ریاستی صدر کی حیثیت سے بہترین کام انجام دے رہے ہیں۔ شکیل ہاشمی بہترین انداز سے اپنی بات رکھنے کا ہنر جانتے ہیں۔ ان کے ترجمان بننے سے پارٹی کو بہار اور پوری بھارت میں بہت فائدہ حاصل ہوگا۔ شکیل ہاشمی بہترین مقرر اور ہر دل عزیز عوامی رہنما ہیں جو لوگوں سے مسلسل رابطے میں رہتے ہیں۔ عوام وخاص پر ان کی کافی پکڑ ہے۔












